Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : II Semester Examination May - 2018

Paper : MAUR203DST : Iqbal

پرچہ : اقبال

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مندرجہ ذیل میں سے کون سا شعری مجموعہ کلیاتِ اقبال کا حصہ نہیں ہے؟

(a) بانگِ درا (b) بالِ جبریل (c) ارمغانِ حجاز (d) بادۂ مشرق

(ii) علامہ اقبال نے انگلینڈ کی کس یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی

(a) آکسفورڈ (b) بریڈفورڈ (c) کیمبرج فورڈ (d) فورٹ ولیم

(iii) مسٹر آرنلڈ سے علامہ اقبال نے کس مضمون کی تعلیم حاصل کی؟

(a) ادب (b) سائنس (c) فلسفہ (d) ریاضی

(iv) علامہ اقبال کی مشہور زمانہ نظم 'اسرارِ خودی' کا انگریزی ترجمہ کرکے پہلی مرتبہ دنیا سے متعارف کرانے والے کون تھے؟

(a) میر حسن (b) مولانا شبلی (c) میتھو آرنلڈ (d) نکلسن

(v) مندرجہ ذیل میں کون اقبال کا ہم عصر شاعر نہیں ہے؟

(a) سیماب اکبرآبادی (b) شبلی نعمانی (c) اکبرالہ آبادی (d) تیغ الہ آبادی

(vi) 'اقبال کا کون سا زمانہ یورپ میں گزرا

(a) 1901 تا 1910 (b) 1905 تا 1908 (c) 1920 تا 1925 (d) 1930 تا 1937

(vii) اسرارِ خودی کس ہئیت میں ہے؟

(a) قصیدہ (b) غزل (c) مثنوی (d) مرثیہ

(viii) علامہ اقبال نے امام الہند کس کو کہا ہے؟

(a) مولانا حسین احمد مدنی (b) مولانا حسرت موہانی (c) مولانا شبلی نعمانی (d) سری رام چندر جی

(ix) اقبال کی شعری پہچان کا وسیلہ ہے

(a) فلسفۂ خودی (b) تہذیب وثقافت (c) فلسفۂ معاشیات (d) اسلامی تاریخ

(x) مندرجہ ذیل کس سنسکرت شاعر کے شعر کا ترجمہ ہے؟

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر

(a) کالی داس (b) بھرتری ہری (c) منو (d) ویدویاس

حصہ دوم

2. اقبال کے فلسفۂ خودی پر تبصرہ کیجیے۔

3. اقبال کی سوانح کے مختلف گوشوں کو نمایاں کرتے ہوئے ان کی رودادِ زندگی کا محاکمہ کیجیے۔

4. اقبال کی شخصیت کی تعمیر میں شامل داخلی اور خارجی عناصر پر تبصرہ کیجیے۔

5. اقبال کی نثری خدمات کا تجزیہ کیجیے۔

6. مندرجہ ذیل اشعار کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

☆☆☆☆☆☆

اگر کج رو ہے انجم آسماں تیرا ہے یا میرا
مجھے فکر جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا

7. علامہ اقبال کی نظم 'ہندوستانی بچوں کا گیت' پر تنقیدی تبصرہ کیجیے۔

8. فکرِ اقبال کے بنیادی مآخذات کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

9. فکرِ اقبال نے ہندوستانی شعراء کی ایک پوری نسل کو متاثر کیا ہے۔کیا آپ متفق ہیں؟

حصہ سوم

10. مندرجہ ذیل بند کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

ابھی تک آدمی صیدِ زبونِ شہر یاری ہے
قیامت ہے کہ انساں نوعِ انساں کا شکاری ہے
نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیب حاضر کی
یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے
وہ حکمت ناز تھا جس پر خردمندانِ مغرب کو
ہوس کے پنجۂ خونیں میں تیغِ کار زاری ہے
تدبّر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتا
جہاں میں جس تمدّن کی بِنا سرمایہ داری ہے
عمل سے زندگی بنتی ہے جنّت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

11. علامہ اقبال نے فلسفۂ خودی کو ایک نئے رنگ و آہنگ کے ساتھ شعری لباس عطا کیا ہے۔مثالیں دے کر سمجھائیے۔

12. علامہ اقبال کے یہاں تصورِ عشق ایک الگ انداز سے جلوہ گر ہوا ہے۔مدلل تحریر کیجیے۔

13. علامہ اقبال کی نظم 'طلوعِ اسلام' کے مرکزی خیال سے بحث کرتے ہوئے اس کے شعری محاسن کا تجزیہ کیجیے۔

14. خطبات کی روشنی میں علامہ اقبال کی نثری خدمات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆